## سوال

(95) سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ اور پہلا سمندری جہاد

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

«اول جيش من امتي يغزون البحر قد اوجبوا»

میری امت کا پہلا لشکر جو سمندر میں جہاد کرے گا، ان کے لئے (جنت) واجب ہو چکی ہے۔ (صحیح بخاری ح ۲۹۲۴)

کیا سب سے پہلے سمندر پر جہاد کرنے والے سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ہیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس پہلے سمندر جہاد میں سیدنا معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہما شامل تھے۔ دیکھئے صحیح البخاری کتاب الجہاد (باب ۸ ح ۲۷۹۹، ۲۸۰۰)

یہ جہاد سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ (کی خلافت) کے زمانے میں ہوا تھا۔

(دیکھئے صحیح البخاری، کتاب الاستئذان باب من زار قوما فقال عندھم ح ۶۲۸۲، ۶۲۸۳)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

**ج2ص257**